<"xml encoding="UTF-8?>




متعدد غسل

سوال نمبر59:اگر كسي شخص پركئي غسل واجب هوں تو كيا وه تمام غسل كي نيت سے صرف ايك غسل انجام دے سكتا هے؟

تمام مراجع:جي هاں ،انجام دے سكتاهے۔( )

شاور كے نيچے غسل

سوال نمبر60:كيا شاور كے نيچے غسل ارتماسي كيا جاسكتاهے؟

تمام مراجع:جي نهيں،غسل ارتماسي غسل خانه ميں شاور كے نيچے نهيں هوسكتا بلكه ايسي جگه صرف غسل ترتيبي كياجاسكتاهے۔( )

غسل كے مبطلات

سوال نمبر61:غسل كرنے كے بعد پيشاب ياریاح خارج هونے سے تو كيا غسل باطل  هوجاتاهے؟

تمام مراجع:نهيں ،غسل باطل نهيں هوگا ليكن نماز كے لئے وضو كرنا هوگا۔( )

غسل كے دوران رياح كا خارج هونا

سوال نمبر62:اگر غسل جنابت كے دوران حدث اصغر (جيسے پيشاب؛رياح...)خارج هوجائے تو كيا غسل صحيح هے؟

امام خميني،خامنه اي،صافي،فاضل،نوري:غسل باطل نهيں هوگا اسے مكمل كرے ليكن بهتر(احتياط مستحب هےكهاس كو اس قصدسے كه جو اس كے ذمه (تمام يا اعاده)هےپهرسےانجام دے اور هر صورت ميں اسےنماز اور هروه كام جس ميں طهارت شرط هے وضو بهي كرنا هوگا۔( )

سيتياني:غسل باطل نهيں هوگا ليكن احتياط واجب كي بناءپر نماز اور هر وه كام جس ميں طهارت شرط هے وضو كرنا هوگا۔( )

مكارم:احتياط واجب كي بناء پر غسل كو دوباره انجام دے اور نماز اورهر وه كام جس ميں طهارت ضروري هے وضو كرے۔( )

تبريزي: پهر سے غسل انجام دے اور احتياط واجب كي بناءپر نماز اور هر وه كام جس كے لئے طهارت ضروري هے

وضو بھي كرے۔( )
وحيد:احتياط واجب هے كه غسل كو مكمل كرے اور پھر دوباره غسل انجام دے اور نمازاور وه كام جس ميں طهارت ضروري هے وضو كرے۔( )
بهجت:ضروري نهيں هے كه غسل كوپورا كرے بلكه احتياط واجب كي بناءپر مافي الذمه كي نيت سے اسے دوباره انجام دے اور نماز زاوروه كام جس ميں طهارت ضروري هے وضو كرے۔( )
بڑے بالوں كاغسل
سوال نمبر63:كياغسل ميں بدن كے بڑے بالوں كا دھونا واجب هے؟
امام خميني خميني،آيت الله فاضل،مكارم،نوري:احتياط واجب كي بناءپر بڑے بالوں كابھي دھونا واجب هے۔( )بقيه تمام مراجع:نهيں۔ بڑے بالوں كا دھوناواجب نهيں هے۔( )
ٹوٹ:اگربڑے بالوں كو دھوئے بغير پاني بدن تك نهيں پهنچ رها هے تو ان كو دھويا جائے تاكه پاني آساني سے بدن تك پهنچ سكے۔
غسل كے دوران سهو و نسيان
سوال نمبر64:اگر غسل كرنےكے بعد پته چلے كه بدن كے كچھ حصه تك پاني نهيں پهنچا هے تو كيا حكم هے؟
امام خميني خميني ،آيت الله بهجت،صافي،فاضل،نوري:اگر بدن كاباياں حصه هو تو اسي حصه كا دھونا كافي هے اور گر داياں حصه هو تو اس كے دھونے كے بعد بائيں حصے كو دورباره دھونا هوگا اور اگرسرو گردن هوں تو ان كے دھونے كے بعد دوباره دائيں حصه اور اس كے بعد بائيں حصه كو دھونا پڑے گا۔( )
تبريزي:اگر باياں حصه هو تو اسي حصه كا دھونا كافي هے اور اگر داياں حصه هو تو احتياط مستحب هے كه اس كو دھونے كے بعد دوباره داياں حصه دھوياجائے اوراگر سرو گردن هے تو اس كو دھونے كے بعد دوباره دائيں اور اس كے بعد بائيں حصه كو دھوياجائے۔( )
سيستاني:اگر باياں حصه هو تو اسي حصه كا دھونا كافي هے اور اگر داياں حصه هو تو احتياط مستحب هے كه اسے دھونے كے بعد بائيں حصه كو پھر سے دھوياجائے اور اگر سروگردن هے تواحتياط واجب هے اسے دھونے كے بعد دوباره بدن دھويا جائے۔
آيت الله خامنه اي،مكارم،وحيد:اگر باياں حصه هو تو اسي حصه كا دھونا كافي هے اور اگر داياں حصه هو تو احتياط مستحب هے كه اسے دھونے كے بعد دوباره دائيں حصه كو دھويا جائے اور اگر سروگردن هو تو ان كو دھونے كے بعد دوباره دائيں پھر بائيں حصه كو دھوياجائے۔
( خامنه اي،اجوبة الاستفتاءات،سوال 191،وحيد، توضيح المسائل مسئله370،مكارم، توضيح المسائل مراجع،مسئله365۔)
غسل ميں شك
سوال نمبر65:اگر غسل تمام هونے كے بعد اس كے صحيح هونے ميں شك هو تو كيا كياجائے؟
تمام مراجع:غسل صحيح هے۔
( آيت الله بهجت،وسيلةالنجاة،جلد1،مسئله375؛صافي،هدايةالعباد،جلد1،مسئله138؛وحيد،منهاج الصالحين،جلد2،مسئله193؛تبريزي،منهاج الصالحين،جلد1، مسئله193؛ امام خميني ،فاضل، نوري،مكارم،تعليقات علي العروة ،احكام الغسل،مسئله14،خامنه اي صاحب كا دفتر۔)
-------

١-توضيح المسائل مراجع،مسئله389،نوري،توضيح المسائل،مسئله1390؛وحيد،توضيح المسائل ،مسئله395اور خامنه اي،اجوبة الاستفتاءات،سوال187۔

۔ توضيح المسائل مراجع،مسئله361،نوري،توضيح المسائل،مسئله362، خامنه اي،صاحب کا دفتر۔

۔العروة الوثقيٰ،فصل في مستحبات غسل الجنابة،مسئله10۔

۔امام،تحرير الوسيله،جلد1،واجبات الغسل مسئله،19،توضيح المسائل مراجع،مسئله389؛خامنه اي،اجوبة الاستفتاءات سولا185؛نوري،توضيح المسائل،مسئله387اور تعليقات علي العروة ،فعل مستحبات الغسل،مسئله8۔

۔توضيح المسائل مراجع،مسئله386۔

۔حواله سابقه،مسئله386۔

۔آيت الله تبريزي،منهاج الصالحين،جلد1،مسئله206۔

۔آيت الله وحيد،توضيح المسائل،مسئله392۔

۔آيت الله بهجت،وسيلة النجاة ،جلد1،مسئله218۔

۔ توضيح المسائل مراجع،مسئله379؛نوري،توضيح المسائل،مسئله380۔

۔ توضيح المسائل مراجع،مسئله365؛ وحيد،توضيح المسائل ،مسئله385۔

۔توضيح المسائل مراجع،مسئله365،نوري،توضيح المسائل مسئله،366۔

۔ توضيح المسائل مسئله،365۔

۔سيستاني، توضيح المسائل مراجع، مسئله365۔